پریس ریلیز

گوجرانوالہ09مارچ 2023ء

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس کے صدر شیخ فیصل ایوب کی وفد کے ہمراہ نگران وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی سے اہم ملاقات ۔جبکہ وفد میں سابق صدور شیخ محمد نسیم ،اخلاق احمد بٹ ،خواجہ ضرار کلیم اور رانا شہزاد حفیظ شامل تھے۔وفد کی قیادت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ملک میں غیر یقینی صورتحال نے کاروباری سرگرمیوں کو ماند کر رکھا ہے ۔ٹیکسٹائل سیکٹر سے بجلی کے ٹیرف میں دی گئی سبسڈی واپس لے لی گئی ہے ۔غیر مستحکم کرنسی ریٹ،خام مال کی آسامان کو چھوتی ہوئی قیمتوں ، مہنگے فریٹ چارجز و یوٹیلٹی بلز سمیت کئی مسائل کا سامنا ہے۔حکومت اپنے فیصلے پر نظر ثانی کرتے ہوئے صنعتی بجلی کے ٹیرف میں سبسڈی ختم نہ کرے۔روزانہ کی بنیاد پر ڈالر کی قیمت میں اضافہ سے صنعتی مصنوعات کی پیدواری لاگت میں بے انتہا اضافہ ہو رہا ہے۔اس کے علاوہ بندرگاہوں پر کھڑے کنٹینرز کلیئرنس کے منتظر ہیں پریشان کن بات یہ ہے کہ لاتعداد کنٹینرز سمندری راستے پاکستان میں پہنچنے والے ہیں۔جبکہ جو پہلے سے کنٹینرز التواء کا شکار ہیں ان کا کوئی پرسان حال نہیں۔ بزنس کمیونٹی کے کاروبار ٹھپ ہو چکے ہیں ایسے کنٹینرز جو پورٹس پر رکے ہوئے ہیں۔ڈیمرج اور ڈیٹنشن کنٹینرز کی مالیت سے زیادہ چکا ہے۔ان مشکل ترین حالات میں بزنس کمیونٹی کو زیادہ سے زیادہ ریلیف کی ضرورت ہے۔نیز محکموں کو ہدایت جاری کی جائے کہ وہ بزنس کمیونٹی کے ساتھ تعاون کریں بے جا ٹیکسوں،کاروباری مراکز میں چھاپوں دیگر مسائل پیدا نہ کریں۔

وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے نگران وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے کہا کہ گوجرانوالہ صنعتی لحاظ سے بڑا اہمیت کا حامل شہر ہے۔یہاں کی بزنس کمیونٹی ملکی معیشت کو مضبوط کرنے میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہے جس کیلئے ہم گوجرانوالہ کی تمام بزنس کمیونٹی کے شکر گزار ہیں۔پنجاب حکومت پوری کوشش کر رہی ہے کہ بزنس کمیونٹی کی مشکلات کے متعلق آگاہی حاصل کر کے انہیں فوری حل کرے۔انہوں نے کہا کہ ہمیں اس بات کا بخوبی انداز ہے کہ بزنس کمیونٹی اس وقت سخت مشکلات سے دوچار ہے۔انڈسٹری سے متعلقہ تمام محکموں کو ہدایت کی جائے گی کہ بزنس کمیونٹی کو ہرگز پریشان نہ کیا جائے اگر کوئی معاملہ ہے تو متعلقہ ادارے چیمبر آف کامرس کو اعتماد میں لیں تاکہ باہمی مشاورت سے مسائل کا تدارک کیا جا سکے ۔انہوں نے یقین دلایا کہ بزنس کمیونٹی کیلئے جہاں تک ممکن ہو سکا آسانیاں پیدا کریں گے تاکہ انڈسٹری چلے اور ملک میں روزگار کے مواقع پیدا ہوں۔انہوں نے کہا کہ آج کی میٹنگ میں گوجرانوالہ چیمبر نے جن مسائل کی طرف نشاندہی کروائی ہے انہیں چیمبر آف کامرس کی مشاورت سے حل کیا جائے گا۔